تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی للشهادة العالیة "السنة الثانیة" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | پہلا پرچہ : تفسیر القرآن الکریم | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: یایها الذین امنوا اذکروا نعمة الله علیکم اذ جآءتکم جنود من الکفار متحزبون ایام حفر الخندق فارسلنا علیهم ریحا وجنودا لم تروها من الملآئکة وکان الله بما تعملون بالتاء من حفر الخندق وبا لیاء من تحزیب المشرکین بصیرا

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں۔ نیز اگلی آیات کی روشنی میں غزوہ خندق کے کچھ احوال بیان کریں۔ ۸+۱۰=۱۸

لقد کان لکم فی رسول الله اسوة بکسر الهمزة وضمها حسنة اقتدا ء به فی القتال والثبات فی مواطنه لمن بدل من لکم کان یرجوالله یخافه والیوم الآخرة وذکر الله کثیرا بخلاف من لیس کذالک

(ب) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں اور خط "بدل من لکم" سے مفسر کی غرض بیان کریں۔ ۸+۸=۱۶

سوال نمبر2: وقرن بکسر القاف وفتحها فی بیوتکن .....ولاتبرجن بترک احدی التائین من اصله تبرج الجاهلیة الاولی ای ماقبل الاسلام من اظهار النسآء محاسنهن للرجال والاظهار بعد الاسلام مذکور فی آیة ولایبدین زینتهن الاماظهر منها

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں اور" قرن " کی اصل بیان کر کے تعلیل کریں۔ ۸+۱۰=۱۸

(ب) مذکورہ آیت میں بیان کردہ حکم کی اس طرح تشریح کریں کہ دورِ حاضر کی خواتین کے لئے راہنمائی کے تمام پہلو واضح ہو جائیں۔ ۱۵

سوال نمبر3: وان طآئفتن من المؤمنین ... اقتتلوا جمع نظرا الی المعنی لان کل طائفة جماعة وقرئ اقتتلتا فاصلحوا بینهما ثنی نظرا الی اللفظ فان بغت تعدت احدٰهما علی الاخری فقاتلوا التی تبغی حتی تفیٓ ترجع الی امر الله الحق

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں اور آیت کا شان نزول بیان کریں۔ ۱۰+۸=۱۸

(ب) اس سورت کے دوسرے رکوع میں جو معاشرتی آداب سکھائے گئے وہ آداب بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر4: والضحی اول النهار او کله واللیل اذا سجی غطی لظلامه او سکن ما ودعک یا محمد ربک وما قلی ابغضک .....وللآخرة خیر لک لما فیها من الکرامات من الاولی للدنیا ولسوف یعطیک ربک فی الآخرة من الخیرات عطاء جزیلا فترضی....

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں نیز جلالین کی روشنی میں بتائیں کہ آخرت میں رسول اللہ ﷺ کیسے راضی ہوں گے؟ ۱۰+۸=۱۸

(ب) مذکورہ سورت کے نازل ہونے کا واقعہ مفصلا تحریر کریں۔ ۱۵

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

الاختبار الضمنی للشهادة العالیة "السنة الثانیة" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | دوسرا پرچہ: حدیث واصول حدیث | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول .... حدیث

سوال نمبر 1: عن البراء بن عازب قال قال النبی ﷺ مامن مسلمین یلتقیان فیتصافحان الاغفر لهما قبل ان یتفرقا: رواه احمد والترمذی وابن ماجة وفی روایة ابی داؤد قال اذا التقی المسلمان فتصافحا وحمدا الله واستغفراه غفر لهما

(الف) حدیث کا ترجمہ کرکے بتائیں کہ تمام مصافحہ سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں تو دیگر عبادات اور توبہ کا کیا فائدہ ہے؟ ۸+۸=۱۶

(ب) سلام کی فضیلت پر ایک حدیث بیان کریں نیز بتائیں کہ ملاقات کے وقت بوسہ لینے اور گلے لگانے کا کیا حکم ہے؟ ۷+۷=۱۴

سوال نمبر 2: عن انس قال عطس رجلان عند النبی ﷺ فشمت احد هما ولم یشمت الآخر فقال الرجل یارسول الله ﷺ شمت هذا ولم تشمتنی قال ان هذا حمد الله ولم تحمد الله

(الف) اعراب لگا کر حدیث شریف کا ترجمہ وتشریح کریں؟ نیز چھینک کا جواب قلمبند کریں۔ (۳x۵)15+5=۲۰

(ب) زبان کی حفاظت پر کوئی دو حدیثیں بیان کریں۔ ۲x۵=۱۰

سوال نمبر 3: عن ابن عباس عن النبی ﷺ قال لو کان لابن آدم وادیان من مال لابتغی ثالثا ولا یملأ جوف ابن آدم الاالتراب ویتوب الله علی من تاب

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ وتشریح کریں اور دنیا کی مذمت پر کوئی ایک روایت بیان کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) ریاء وسمعہ کی مذمت پر کوئی دو روایتیں بیان کریں نیز خوف خدا پر کوئی ایک روایت تحریر کریں۔ ۳x۵=۱۵

حصہ دوم .... اصول حدیث

سوال نمبر 4: الحدیث لغة الجدید واصطلاحا مااضیف الی النبی ﷺ من قول اوفعل اوتقریر اوصفة

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ تحریر کریں اور خبر کی تعریف کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) خبر متواتر کی تعریف، شرائط اور حکم بیان کریں ۔ ۳+۳+۴=۱۰

سوال نمبر 5: (الف) حدیث غریب کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) حدیث صحیح کی تعریف کرکے اس کی تمام شرائط کی وضاحت کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 6: درج ذیل میں سے کوئی سی چار اصطلاحات کی تعریف قلمبند کریں۔ ۴x۵=۲۰

(الف) متن (ب) شاذ (ج) معلق (د) حاکم (ھ) موضوع (و) مرفوع

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی للشهادة العالیة "السنة الثانیة" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **تیسرا پرچہ : فقہ** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ..... بہار شریعت

سوال نمبر1: (الف) پانی پینے کے آداب کے متعلق بہار شریعت میں مذکور احادیث میں سے کوئی تین احادیث بیان کریں۔ ۵x۳=۱۵

(ب) بھوک یا پیاس کی شدت کی وجہ سے جان جانے کا خطرہ ہو تو کیا کرنا فرض ہے؟ اور اگر عمل نہ کیا تو کیا حکم ہے؟ ۵x۲=۱۰

سوال نمبر2: (الف) تلوار، چھری، کرسی، کھانے کا برتن اور حقہ پر سونا کہاں کہاں لگا ہوا ہو تو استعمال جائز ہے اور کہاں حرام ہے؟ ۵x۳=۱۵

(ب) کافر، فاسق اور بچہ ہدیہ کی اور گوشت مسلمان سے خریدنے کی خبر دے تو اس کا کیا حکم ہے؟ ۵x۲=۱۰

سوال نمبر3: (الف) عشاء کے بعد باتیں کرنے کی کتنی صورتیں ہیں ہر ایک کا حکم لکھیں نیز لڑکے اور لڑکی کا بستر کتنی عمر میں الگ کر دینا چاہیے؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) مرد و عورت کیلئے کتنا ریشم پہننا جائز ہے؟ نیز مرد و عورت کیلئے زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے پہننے کا کیا حکم ہے؟ ۵x۲=۱۰

حصہ دوم ..... فقہ حنفی اور حدیث رسول ﷺ

سوال نمبر4: (الف) حدیث کی لغوی و شرعی تعریف بیان کریں نیز حدیث صحیح، حسن اور ضعیف کا حکم بیان کریں۔ ۶+۹=۱۵

(ب) "اذان اور اقامت کے کلمات جفت جفت ہیں" مذکورہ دعوی پر کوئی دو دلیلیں بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر5: (الف) رفع یدین کے عدم جواز پر ایک مفصل و مدلل مضمون قلمبند کریں۔ ۱۵

(ب) نماز میں بوقت قیام کہاں ہاتھ باندھنا سنت ہے؟ دلیل سے ثابت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6: (الف) امام کی اقتداء میں قراۃ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اپنے موقف پر کم از کم تین دلیلیں بیان کریں۔ ۵x۳=۱۵

(ب) ایک وقت میں دو نمازیں جمع کرنے کے عدم جواز پر کوئی دو دلیلیں بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی للشهادة العالیة "السنة الثانیة" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **چوتھا پرچہ: اصول فقہ** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ اپنی مرضی کے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: اجماع هذه الامة بعد توفی رسول الله ﷺ فی فروع الدین حجة موجبة للعمل بها شرعا كرامة لهذه الامة

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور اجماع کی اقسام بیان کر کے ہر قسم کا حکم لکھیں۔ ۵+۱۵=۲۰

(ب) ثم بعد ذالک الاجماع علی نوعین مرکب وغیر مرکب فالمرکب مااجتمع علیه الآراء علی حکم الحادثة مع وجود الاختلاف فی العلة

عبارت کا ترجمہ تحریر کریں، اجماع مرکب کی مثال دے کر اس طرح وضاحت کریں کہ اس کا حکم بھی واضح ہو جائے۔ ۴+۱۰=۱۴

سوال نمبر2: ثم بعد ذالک نوع من الاجماع وهو عدم القائل بالفصل وذالک نوعان

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے عدم القائل بالفصل کی دونوں قسمیں بیان کریں اور ہر قسم کی مثال دیں۔ ۲+۱۸ (۹+۹)=۲۰

(ب) نص پر عمل کرنا ممکن ہو تو قیاس پر عمل کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اور کیوں؟ مثال دے کر اپنے مؤقف کی وضاحت کریں۔ ۱۳

سوال نمبر3: شروط صحة القیاس خمسة احدها ان لایکون فی مقابلة النص والثانی ان لایتضمن تغییر حکم من احکام النص والثالث ان لایکون المعدی حکما لایعقل معناه والرابع ان یقع التعلیل لحکم شرعی لالامر لغوی والخامس ان لایکون منصوصا علیه

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) صحت قیاس کی دوسری شرط کو مثال سے واضح کریں۔ ۱۳

سوال نمبر4: واما القلب فنوعان احدهما ان یجعل ماجعله المعلل علة للحکم معلولا لذالک الحکم

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے قلب کی مذکورہ قسم کی مثال دیں اور دوسری قسم کی تعریف کر کے مثال سے وضاحت کریں۔ ۳+۸+۱۲=۲۳

(ب) درج ذیل میں سے کسی دو اصطلاحات کی تعریف کریں۔ ۵+۵=۱۰

النقض ، العکس ، القیاس

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی للشھادۃ العالیۃ "السنۃ الثانیۃ" للطالبات الموافق سنۃ ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **پانچواں پرچہ : علم المیراث** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) علم فرائض کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں۔ ۱۵=۳x۵

(ب) علم فرائض کی اہمیت بیان کر کے اسے نصف علم کہنے کی کوئی دو وجوہ بیان کریں۔ ۱۵=۱۰+۵

سوال نمبر 2: (الف) جن امور کے سبب کوئی شخص میت کا وارث بنتا ان امور کی وضاحت کریں۔ نیز ارکانِ ارث بیان کریں۔ ۱۵=۶+۹

(ب) تصحیح کی تعریف کر کے اس کے قواعد میں سے کوئی ایک قاعدہ بیان کریں اور اس کی مثال دیں۔ ۱۵=۱۰+۵

سوال نمبر 3: (الف) دو عددوں کے درمیان کون کون سی نسبت ہو سکتی ہے؟ وضاحت سے بیان کریں۔ ۱۵

(ب) مصنف نے سہام اور ردوس کے متعلق کتنے قانون بیان کئے؟ کوئی ایک قانون بیان کر کے اس کی مثال دیں۔ ۱۵=۱۲+۳

سوال نمبر 4: (الف) پوتی کے حالات بیان کریں اور کسی ایک حالت کی مثال بھی بیان کریں۔ ۱۵=۱۵+۱۰

(ب) سگی بہن کی کتنی اور کون کون سی حالتیں ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل میں سے کوئی چار صورتیں حل کریں۔ ۴۰=۱۰x۴

(الف) میت
بیٹی — والد

(ب) میت
چچا — بھائی — ماں

(ج) میت
بھائی — ۳ پوتے — دادا

(د) میت
بیٹی — چچا — بہن

(ھ) میت
۲ بیٹے — ۲ بیٹیاں — والد

(و) میت
شوہر — ۳ بیٹے — ۲ بیٹیاں